بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن

86-مزنگ روڈ۔لاہور

مراسلہ نمبر 139 رجسٹریشن — مورخہ 24-نومبر 2022ء

﴿نوٹیفکیشن﴾

جملہ سربراہان تعلیمی ادارہ جات
ملحقہ لاہور بورڈ

عنوان:۔ **طلباء وطالبات کا اداروں (Institutions) میں دوبارہ داخلہ (Re-Admission) برائے گیارہویں جماعت (Class-XI) تعلیمی سیشن 2024-2022ء**

جملہ متعلقین کو مطلع کیا جاتا ہے کہ بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن لاہور کی طرف سے برائے گیارہویں جماعت (Class-XI) تعلیمی سیشن 2024-2022ء میں تمام سرکاری اور پرائیویٹ الحاق شدہ (ملحقہ لاہور بورڈ) ادارہ جات (Institutions) میں طلباء و طالبات کے دوبارہ داخلہ (Re-Admission) کا درج ذیل شیڈول جاری کیا جارہا ہے۔سربراہان ادارہ جات کو ہدایت کی جاتی ہے کہ شیڈول کے مطابق دوبارہ داخلہ (Re-Admission) کا کام مکمل کریں۔

فیس۔جرمانہ۔دورانیہ شیڈول

سیریل نمبر	شیڈول	ری ایڈمیشن کی تاریخیں	فیس و جرمانہ
1-	دوبارہ داخلہ برائے گیارہویں جماعت (Class-XI)	26-نومبر تا 25-دسمبر 2022	گیارہویں جماعت کا نتیجہ شائع ہونے کے بعد 30-ایام تک بغیر لیٹ فیس مبلغ -/1600 روپے فی طالب علم/طالبہ
2-	دوبارہ داخلہ برائے گیارہویں جماعت (Class-XI) بمعہ یومیہ جرمانہ	26-دسمبر 2022 تا امتحانی داخلہ فارموں کے جاری کردہ تین گنا (Tripple) فیس شیڈول کی آخری تاریخ تک	30-ایام گزرنے کے بعد -/200 روپے یومیہ جرمانہ کے ساتھ امتحانی داخلہ فیسوں کے جاری کردہ تین گنا (Tripple) فیس شیڈول کی آخری تاریخ تک
3-	بورڈ فیصلے کے مطابق لاہور بورڈ سے انٹرمیڈیٹ سالانہ امتحان 2022ء پاس کرنے والے طلباء و طالبات جو پریکٹیکل والے مضمون/مضامین کا امتحان دینے کے خواہش مند ہوں وہ بھی درج بالا شیڈول کے مطابق الحاق شدہ اداروں میں ری ایڈمیشن کرواسکتے ہیں۔		

﴿ضروری نوٹ﴾:۔ **"ناظرہ قرآن حکیم بمع ترجمہ تمام طلباء اور طالبات کے لئے بطور مضمون پڑھنا لازمی ہوگا۔"**

﴿ہدایات﴾

طلباء و طالبات کے ری ایڈمیشن (Re-Admission) کا پراسیس بورڈ ہذا کی طرف سے جاری کردہ کتابچہ (BookLet) میں دی گئی شق نمبر 8 کے تحت کریں۔

بشریٰ بی بی
سیکرٹری